حکومت پاکستان

ریونیو ڈویژن

فیڈرل بورڈ آف ریونیو

*****

اسلام آباد، 28 ستمبر 2018ء

نوٹیفکیشن

(انکم ٹیکس)

ایس آر او-2018/(I)1165- انکم ٹیکس رولز، 2002ء میں مزید مخصوص ترامیم کا مندرجہ ذیل ڈرافٹ، جو کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001(XLIX بابت 2001ء) کی دفعہ 237 کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت حاصل اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے تجویز کی ہیں، بذریعہ ہذا ممکنہ طور پر متاثر ہونے والے تمام افراد کی معلومات کے لیے شائع کیا جارہا ہے، یہ عمل متذکرہ دفعہ کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت ضروری ہے، بذریعہ ہذا یہ نوٹس بھی دیا جاتا ہے کہ اگر کوئی اعتراضات یا تجاویز ہوں تو سرکاری گزٹ میں ڈرافٹ کی اشاعت کے 7 دن کے اندر اندر فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ارسال کیے جائیں۔

تمام اعتراضات یا تجاویز جو اس ڈرافٹ کے حوالے سے مقرر کردہ مدت ختم ہونے سے قبل کسی بھی فرد کی طرف سے موصول ہوں گے تو فیڈرل بورڈ آف ریونیو انہیں زیر غور لائے گا۔

ترامیم کا ڈرافٹ

مذکورہ بالا قواعد کے باب VIIIA میں مندرجہ ذیل مزید ترامیم کی جائیں گی:-

(1) رول 39B کے ذیلی رول (1) میں، شق (h) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:-

"(i) "رقم نکلوانے کی سٹیٹمنٹ" سے مراد رقم نکلوانے کی سٹیٹمنٹ ہے جو فارم D کی صورت میں دی گئی ہے"

(2) رول 39C میں-

(A) ذیلی رول (1) میں-

i. جملے "(دفعہ 165A کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (a) کے تحت درکار معلومات کے علاوہ)" کو حذف کر دیا جائے گا؛ اور

ii. جملے "اکاؤنٹ ہولڈر کی ڈیپازٹ سٹیٹمنٹ" کے بعد جملے "رقم نکلوانے کی سٹیٹمنٹ" کا اضافہ کیا جائے گا؛ اور

(B) ذیلی رول (2) حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(3) فارم C کے بعد مندرجہ ذیل نئے فارم D کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:-

فارم-D

[دیکھیے رول(i)(1)39B]

رقم نکلوانے کی سٹیٹمنٹ

رپورٹنگ بینکنگ کمپنی________________________

بینکنگ کمپنی کا افسر________________________

ایسے فائلرز اور نان فائلرز کی معلومات جنہوں نے ایک دن میں پچاس ہزار سے زائد رقم نکلوائی ہو اور اس رقم پر کاٹا گیا ٹیکس، اس رقم کا مجموعہ ایک مہینے کے دوران ایک ملین روپے یا اس سے زائد ہو________________

سیریل نمبر	نام	CNIC	تازہ ترین کوائف بشمول پتہ (پتے)	مہینے کے دوران نکلوائی گئی رقم	ریمارکس
(1)	(2)	(3)	(4)	(5)	(6)

[F.No1(69) Rules & SROs/2018]

(اعجاز حسین)

سیکرٹری (رولز اینڈ ایس آر اوز)